© rasailojaraid.com



# نعت

حضرت عبداللہ بن رواحہ ؓ

روحي الفداء لمن اخلاقه شهدت
بأنه خير مولود من البشر
میری روح اس ہستی پر فدا ہے جس کے اخلاق واطوار اس بات پر شاہد ہیں کہ
وہ بنی نوع انسان میں سب سے افضل ہے۔

عمت فضائله كل العباد كما
عم البرية ضَوْء الشمس و القمر
اس کے فضائل وکمالات کا چشمہ فیض تمام بندوں کو بلا امتیاز اسی طرح سیراب کررہا ہے،
جس طرح آفتاب وماہتاب کی ضیاباریاں بلاتخصیص کائنات کے لئے عام ہیں

لو لم يكن فيه أيات مبينة
كانت بديهته تكفي عن الخبر
اگر اس کی صداقت پر مہر تصدیق ثبت کرنے والی واضح نشانیاں نہ بھی ہوتیں
تو خود اس کی ذات اس کے پیغام کی صداقت کے لئے کافی تھی

© rasailojaraid.com